UIC PAKISTAN

# دی یونائیٹڈ انشورنس کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ

PACRA سے 'A+' قرارشدہ

## اطلاع برائے 12 واں غیر معمولی اجلاسِ عام

تمام متعلقہ افراد کو بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنی کا 12 واں غیر معمولی اجلاسِ عام انشاءاللہ بروز جمعہ، 26 دسمبر 2014ء بوقت صبح 11:00 بجے بمقام رائل پام گولف اینڈ کنٹری کلب، 52 کنال روڈ، لاہور میں منعقد ہوگا جس میں درج ذیل کاروائی پر غور وخوض کیا جائے گا:

**عمومی کاروائی**

1- 12 جون 2014 کو منعقدہ 11 ویں غیر معمولی اجلاسِ عام کی کاروائی کی توثیق

**خصوصی کاروائی**

2- کمپنی کی سابقہ سرمایہ کاری پر پیش کیے گئے رائٹ شیئرز کی خریداری کے ذریعے اپنا مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ میں =/200,000,000 روپے کی حدتک سرمایہ کاری کے لیے درج ذیل قرارداد پر غور وخوض اور موزوں سمجھی جانے پر ترمیم کے ساتھ یا بلا ترمیم منظوری۔

قرارداد پیش کی جاتی ہے کہ کمپنی کی انتظامیہ کو بذریعہ ہذا اپنا مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ میں کمپنی کی گزشتہ سرمایہ کاری کی بنیاد پر پیش کردہ رائٹ شیئرز کی خریداری کے ذریعے =/200,000,000 روپے کی حدتک سرمایہ کاری کی اجازت دی جاتی ہے۔

3- اجلاس کے سربراہ کی اجازت سے کسی دیگر کارروائی پر غور وخوض۔

بحکم بورڈ

**(زیڈ۔ایچ۔زبیری)**

کمپنی سیکرٹری

کراچی 04 دسمبر 2014ء

**نوٹس:**

1) کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 19 دسمبر 2014ء سے 28 دسمبر 2014ء تک بند رہے گیں (دونوں ایام شامل ہیں)۔18 دسمبر 2014 کو کاروباری اوقاتِ کار کے اختتام تک کراچی میں کمپنی کے رجسٹرڈ آفس کو موصول ہونے والے ٹرانسفرز اجلاس میں ووٹ کے لیے بروقت تصور کیے جائیں گے۔

2) اس اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا استحقاق رکھنے والا ہر ممبر اپنا/اپنی نمائندہ (Proxy) مقرر کرنے کا بھی استحقاق رکھتا ہے۔نمائندگی کے تقرر نامے اجلاس سے کم ازکم اڑتالیس (48) گھنٹے پہلے کمپنی کے ہیڈ آفس میں موصول ہوجانے چاہئیں۔

3) CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ اجلاس میں شرکت کے موقع پر اپنی شناخت کی تصدیق کے لیے اپنے CDC اکاؤنٹ نمبرز کے ہمراہ اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ ساتھ لائیں۔ تاہم اگر ایسے شیئر ہولڈرز کی طرف سے نمائندے مقرر کیے جانے کی صورت میں انہیں ضامن (Guarantor) کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ نقل بھی ساتھ لانا ہوگی اور نمائندگی فارم پر موجود دستخط وہی ہونے چاہئیں جو قومی شناختی کارڈ پر موجود ہوں۔

4) شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ ڈاک کے پتے میں کسی بھی تبدیلی کی فوری اطلاع دیں۔

**کمپنیز آرڈیننس 1984ء کے سیکشن 160(1)(b) کے تحت اسٹیٹمنٹ**

یہ اسٹیٹمنٹ 26 دسمبر 2014ء کو لاہور میں منعقدہ کمپنی کے غیر معمولی اجلاس میں عمل میں لائی جانے والی خصوصی کاروائی سے متعلق ٹھوس حقائق پر مشتمل ہے۔

**اپنا مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ میں سرمایہ کاری**

اپنا مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ (دی بینک) کا قیام 08 مئی 2003ء کو کمپنیز آرڈیننس 1984 کے تحت ایک پبلک لمیٹڈ بینکنگ کمپنی کی حیثیت سے عمل میں آیا۔ اس بینک کو 28 دسمبر 2004ء کو کاروبار کے آغاز کا سرٹیفکیٹ عطا کیا گیا اور اس کی کاروباری سرگرمیوں کا آغاز یکم جنوری 2005ء کو ہوا۔اس کے شیئرز کراچی اسٹاک ایکسچینج میں لسٹڈ ہیں۔ بینک کا موجودہ منظور شدہ شیئر کیپٹل 1500 ملین روپے ہے۔ بینک کا بنیادی کاروبار مائیکروفنانس انسٹی ٹیوشنز آرڈیننس 2001 کے مطمع نظر کے تحت غریب اور پسماندہ طبقے کو مائیکروفنانس کی خدمات فراہم کرنا ہے۔

یونائیٹڈ انشورنس کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، اپنا مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ میں 200 ملین روپے تک کی مزید سرمایہ کاری (رائٹ شیئرز کی صورت میں) کا منصوبہ بنا رہی ہے۔ توقع ہے کہ یہ سرمایہ کاری مارکیٹ ڈیولپمنٹ کو بہتر بنائے گی جس کا نتیجہ بالآخر منافع کمانے کی اہلیت میں بہتری کی صورت میں برآمد ہوگا۔

ڈائریکٹرز نے مذکورہ سرمایہ کاری کے حوالے سے مناسب جانچ پڑتال کی ہے اور Due diligence رپورٹ کی دستخط شدہ سفارشات، ایسوسی ایٹڈ کمپنی کے تازہ ترین اکاؤنٹس کے ہمراہ غیر معمولی اجلاس عام میں ممبران کو معائنے کے لیے دستیاب ہوں گی۔

**کمپنیز ریگولیشنز 2012 (ایسوی ایٹڈ کمپنیز یا ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگ میں سرمایہ کاری) کی ریگولیشن 3 کی سب ریگولیشن (1) کے کلاز (a) کے تحت معلومات**

| ریفرنس نمبر | تقاضے | معلومات |
|---|---|---|
| i | ایسوسی ایٹڈ کمپنی کا نام | اپنا مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ |
| | ایسوسی ایٹڈ تعلق کا معیار اہلیت | ایکویٹی میں سرمایہ کاری |
| ii | مقصد | مارکیٹ ڈیولپمنٹ اور رسک میں کمی |
| | فوائد | ایسوسی ایٹڈ کمپنی میں سرمایہ کاری سے ڈیویڈنڈ کی آمدنی کے ذریعے ایکویٹی سے منافع کمانا اور سرمائے کی قدر و قیمت میں اضافہ |
| | سرمایہ کاری کی مدت | طویل المیعاد حکمتِ عملی کے تحت سرمایہ کاری |
| iii | سرمایہ کاری کی زیادہ سے زیادہ مالیت | 400 (چار سو) ملین روپے |
| iv | زیادہ سے زیادہ قیمت | شیئر کی قیمت 10 روپے فی رائٹ شیئر، 5 روپے ڈسکاؤنٹ کے ساتھ |
| v | خرید کردہ شیئرز کی زیادہ سے زیادہ تعداد | 70 ملین شیئرز |
| vi | سرمایہ کاری سے قبل شیئر ہولڈنگ | شیئرز کی تعداد 34.018 ملین، شیئر ہولڈنگ کی شرح 30.93 فی صد |
| | سرمایہ کاری کے بعد شیئر ہولڈنگ | شیئرز کی تعداد 68.38 ملین، شیئر ہولڈنگ کی شرح 30.93 فی صد |
| vii | لسٹڈ سیکیورٹی میں سرمایہ کاری | سابقہ بارہ ہفتوں کی اوسط شرح 5.69 روپے فی شیئر |
| viii | شیئرز کی فیئر مارکیٹ ویلیو | شیئرز کی فیئر مارکیٹ ویلیو 5.70 روپے فی شیئر ہے |
| ix | شیئرز کی بریک اپ ویلیو | 4.34 روپے فی شیئر بمطابق 30-09-2014 |
| x | گزشتہ 3 سال میں فی شیئر آمدنی | فی شیئر نقصان (2013)1.78 (2012)1.53 (2011).48 |
| xi | سرمایے کا ذریعہ جس سے شیئر کی خریداری کی جائے گی | کمپنی کے اپنے فنڈز |
| xii | اگر شیئرز قرض پر حاصل کردہ فنڈز استعمال کر کے خریدنے کا ارادہ ہو تو اس کے تقاضے | اطلاق نہیں ہوتا |
| xiii | ایسوسی ایٹڈ کمپنی کے ساتھ معاہدے کی نمایاں خصوصیات | خصوصی قرارداد کی منظوری کے بعد معاہدے پر عمل درآمد کیا جا سکتا ہے |
| xiv | ایسوسی ایٹڈ کمپنی میں ڈائریکٹرز کے براہ راست / بالواسطہ مفادات | اطلاق نہیں ہوتا |
| xv | کوئی اور اہم تفصیلات | کوئی نہیں |